## نابینا بچوں کی آنکھوں کے آپریشن کرانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر انتظامات کئے جائیں

## الطاف حسین کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت

## ڈاکٹروں نے پیسہ نہ ہونے کی وجہ سے اکبر عالمانی کے بچوں کی آنکھوں کا آپریشن کرنے سے انکار کردیا تھا

لندن۔۔11 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کو ہدایت کی ہے کہ وہ پنوں عاقل کے گاؤں پیرل عالمانی کے رہائشی اکبر عالمانی کے تین نابینا بچوں کی آنکھوں کا ہنگامی بنیادوں پر آپریشن کرانے کے انتظامات کریں۔ رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی نثار احمد پہنور نے انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین سے گفتگو کے دوران پنوں عاقل کے ایک غریب ساربان اکبر عالمانی کے مسئلے سے آگاہ کیا جو اپنی غربت کی وجہ سے اپنے تین نابینا بچوں 10 سالہ عمران علی، 4 سالہ روشنا اور ڈیڑھ سالہ جاوید علی کی آنکھوں کا آپریشن کرانے سے قاصر ہے اور سکھر کے مقامی اسپتال کے ڈاکٹروں نے پیسہ نہ ہونے کی وجہ اس کے بچوں کی آنکھوں کا آپریشن کرنے سے انکار کردیا تھا۔ جناب الطاف حسین نے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور رابطہ کمیٹی کو فوری طور پر ہدایت کی کہ وہ اکبر عالمانی کے بچوں کی آنکھوں کا آپریشن کرانے کے انتظامات کریں، اس کے علاج ومعالج کے تمام اخراجات ایم کیوایم برداشت کرے گی

## سید کلیم اللہ کے بھائی غیث اللہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔11 جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن کے رکن سید کلیم اللہ کے بھائی سید غیث اللہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## جونام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں طالبانائزیشن کے خاتمہ کیلئے جاری مسلح افواج کے آپریشن راہِ راست کو تنقید کا نشانہ بنارہی ہیں وہ دراصل طالبانائزیشن نیٹ ورک کا حصہ ہیں، فرخ اعظم

## اولڈ لیاری سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم نے کہا ہے کہ طالبانائزیشن کی سازش کے عفریت کا خاتمہ ملک کے استحکام اور سلامتی کیلئے ضروری ہے اور جونام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں طالبانائزیشن کے خاتمہ کیلئے جاری مسلح افواج کے آپریشن راہِ راست کو تنقید کا نشانہ بنارہی ہیں وہ دراصل طالبانائزیشن نیٹ ورک کا حصہ ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت اولڈ لیاری سیکٹر میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے اراکین شکیل سید ظہیر انور اور محمد علی کلمتی بھی موجود تھے۔ فرخ اعظم نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک انقلابی جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ کرپٹ اور استحصالی نظام کے خاتمہ کی عملی جدوجہد کررہی ہے اور طالبانائزیشن کا نظام بھی نہ صرف مکمل طور پر غیر شرعی ہیں بلکہ ملک کے فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرمایہ دارانہ نظام سے جاملتا ہے جس نے خواتین سمیت عوام کے بنیادی حقوق غصب کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک تاریخ کے انتہائی نازک ترین دور سے گزر رہا ہے اور ملکی سلامیت طالبان کی بدولت انتہائی خطرے میں ہے، طالبان نے شمالی علاقہ جات اور صوبہ سرحد میں انتہائی بربریت پھیلائی ہوئی ہے جبکہ جنوبی پنجاب میں بھی طالبان نے اپنی سرگرمیاں تیز کردیں ہیں اور اس وقت طالبان کی شرانگیزیوں اور دہشت گردیوں سے کوئی بھی محفوظ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان دہشت گرد اب سندھ بالخصوص کراچی میں اپنا نام نہاد نظام عدل لانے کی کوشش کررہے ہیں جس کی راہ میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم سندھ کی امن کی دھرتی کو خون میں نہلانے کی ہر سازش کے خلاف اپنا عملی کردار ادا کررہی ہے اور کرتی رہے گی۔ فرخ اعظم نے تحریکی کارکنان پر زور دیا کہ وہ احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کریں، نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں اور تحریکی مقصد عوام تک پہچانے کیلئے عملی طور پر کام سرانجام دیں۔

## ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار زون یونٹ C-1 کے فنانس سیکریٹری محمد صدیق کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم ٹنڈو الہ یار زون یونٹ C-1 کے فنانس سیکریٹری محمد صدیق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ٹنڈو لہ یار زون یونٹ C-1 کے فنانس سیکریٹری محمد صدیق ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈو الہ یار زون یونٹ C-1 کے فنانس سیکریٹری محمد صدیق ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 45 سال تھی، گزشتہ روز نہیں دل کا دورہ پڑنے کے باعث سول اسپتال حیدرآباد لیجایا گیا تاہم ڈاکٹروں کے مشورے کے بعد انہیں ہلال احمر اسپتال میں داخل کیا گیا لیکن ڈاکٹروں کی کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اور انتقال کر گئے۔مرحوم کے سوگواران میں 2 بیٹیاں اور 4 بیٹے شامل ہیں۔محمد صدیق مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان ٹنڈو الہ یار کے ناگے شاہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ٹنڈو لہ یار زون کے انچارج واراکین زونل کمیٹی، سیکٹر و یونٹ کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد صدیق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم لاڑکانہ زون کی زونل کمیٹی کے رکن، بدین زون کے کارکن، گریجویٹ فورم حیدرآباد کے رکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لاڑکانہ زون کی زونل کمیٹی کے رکن اعجاز تونیہ کے بھائی فیاض احمد تونیہ، ایم کیوایم بدین زون یونٹ بدین سٹی A کے کارکن شاہد حسین میمن کے والد محمد صدیق میمن اور گریجویٹ فورم حیدرآباد کی کمیٹی کے رکن جاوید عباس کی والدہ محترمہ سیدہ نادرہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جنوبی پنجاب کے حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر کرنا مزید احساس محرومیوں کو جنم دینے کے مترادف ہے، حق پرست اراکین سینیٹ
## عوامی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہی مسائل کا حل دیرپا اور درست ثابت ہوتا ہے

کراچی۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سینٹ نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کے حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر کرنا مزید احساس محرومیوں کو جنم دینے کے مترادف ہے جس کے باعث ملک مزید مسائل کا متحمل نہیں ہوسکتا۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک کی نازک صورتحال کا تقاضہ ہے کہ جنوبی پنجاب (سرائیکی وسیب) سے اٹھنے والی آواز پر توجہ دی جائے اور مسائل کا آبرومندانہ حل نکال کر احساس محرومی کا ازالہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ مسلسل ناانصافیوں، معاشی بدحالی، بجٹ کی کمی، صحت وتعلیم اور بنیادی سہولیات کے فقدان اور ثقافتی ورثوں کی تباہی کے جنوبی پنجاب (سرائیکی وسیب) کے عوام میں گزشتہ کئی دہائیوں سے بے چینی اور اضطراب پایا جارہا ہے اور ان ہی ناانصافیوں کی بدولت آج سرائیکی وسیب کے عوام اپنے حقوق آواز بلند کررہے ہیں اور حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر کرنے سے مسئلہ کا حل نکالنے کے بجائے مزید پیچیدہ بنایا جارہا ہے اور جنوبی پنجاب کے عوام میں نفرتوں کو جنم دیا جارہا ہے جس کے نتائج ملک وقوم کے مفاد میں ہرگز نہیں نکل سکتے۔حق پرست اراکین سینیٹ نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ملک کی بقاء وسلامتی کا تقاضہ ہے کہ جنوبی پنجاب (سرائیکی وسیب) سے اٹھنے والی آواز کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، حقوق کی آواز کو غداری سے تعبیر کرنے کا سلسلہ بند کرایا جائے کیونکہ عوامی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہی مسائل کا حل دیرپا اور درست ثابت ہوتا ہے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کے واقعات میں ملوث سازشی عناصراوران کے سر پرست اپنے
## مذموم عزائم میں ہرگز کامیاب نہیں ہوں گے، اراکین سندھ اسمبلی
## قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے حق پرستی کی جدوجہد کوختم کرنے کے عزائم رکھنے والے ایک دن خودصفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گے
## ایم کیوایم لیبر ڈویژن اور نگی ٹاؤن کے کارکن یونس خوشی اور نیو کراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد کے بہیمانہ قتل پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔11، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن یوسی 1 کے کارکن یونس خوشی اور نیو کراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کارکنان کا لہو ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا اور قتل و غارتگری کی کارروائیوں میں ملوث سفاک عناصر ایک دن ضرور اپنے عبرتناک انجام سے دوچار ہوں گے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی ہفتوں سے شہر کے مختلف علاقوں میں ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا جارہا ہے اور گزشتہ دنوں ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن یوسی 1 کے کارکن یونس خوشی اور نیو کراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد کو بھی مسلح دہشت گردوں نے شناخت کرنے کے بعد فائرنگ کرکے بیدردی سے شہید کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے قتل کے واقعات میں ملوث سازشی عناصر اوران کے سرپرست اپنے مذموم عزائم میں ہرگز کامیاب نہیں ہوں گے اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد جس طرح کل جاری تھی وہ آج بھی جاری ہے اور آئندہ بھی جاری رہے گی اور قتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے حق پرستی کی جدوجہد کو ختم کرنے کے عزائم رکھنے والے ایک دن خود صفحۂ ہستی سے مٹ جائیں گے اور اپنے انجام سے ضرور دوچار ہوں گے۔ حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم لیبر ڈویژن اورنگی ٹاؤن یوسی 1 کے کارکن یونس خوشی اور نیو کراچی ٹاؤن یوسی 6 کے حق پرست کونسلر شیر محمد کے پے درپے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور ٹارگٹ کلنگ میں ملوث سازشی عناصر، سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

☆☆☆☆☆